سبق..6



وطن کا راگ

بھارت پیارا دیش ہمارا سب دیشوں سے نیارا ہے
ہر رُت ہر اک موسم اس کا کیسا پیارا پیارا ہے
کیسا سہانا کیسا سُندر پیارا دیش ہمارا ہے
دُکھ میں سُکھ میں ہر حالت میں بھارت دل کا سہارا ہے

بھارت پیارا دیش ہمارا سب دیشوں سے نیارا ہے

کرشن کی بنسی نے پھونکی ہے رُوح ہماری جانوں میں
گوتم کی آواز بسی ہے محلوں میں میدانوں میں
چشتی نے جودی تھی مے وہ اب تک ہے پیمانوں میں
نانک کی تعلیم ابھی تک گونج رہی ہے کانوں میں

بھارت پیارا دیش ہمارا سب دیشوں سے نیارا ہے

مذہب کچھ ہو، ہندی ہیں ہم، سارے بھائی بھائی ہیں
ہندو ہیں یا مسلم ہیں یا سِکھ ہیں یا عیسائی ہیں
پریم نے سب کو ایک کیا ہے، پریم کے ہم شیدائی ہیں
بھارت نام کے عاشق ہیں ہم ، بھارت کے سودائی ہیں

بھارت پیارا دیش ہمارا سب دیشوں سے نیارا ہے

☆ افسر میرٹھی

مشق

معنی یاد کیجیے:

سہارا — مدد

تہذیب — طور طریقہ

رُت — موسم

ہریالی — ہرا بھرا

پیانہ — ناپنے کا آلہ (جمع پیانوں)

پریم — محبت، پیار

شیدائی — چاہنے والا

سوچیے اور جواب دیجیے:

1۔ ہمارا بھارت دیش کیسا ہے؟

2۔ گنگا ندی کس دیش میں بہتی ہے؟

3۔ کرشن، گوتم، چشتی اور نانک نے ہمیں کون سا پیغام دیا ہے؟

خالی جگہوں کو بھریئے:

1۔ کیسا سہانا کیسا سندر..............ہمارا ہے۔

2۔ مذہب کچھ ہو ہندی ہیں ہم سارے..........

3۔ ہندو ہیں یا.........یا سکھ ہیں یا عیسائی ہیں۔

ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

سُندر، گنگا، پھول، تعلیم، ہندی

دیئے ہوئے واحد الفاظ سے جمع بنایئے:

حالت، تعلیم، آواز، یاد، عاشق، صدی

ان الفاظ کی ضِد لکھیے:

شہر، ہریالی، محل، پریم، آدمی

مصرعوں کو مکمل کیجیے:

بھارت پیارا دیش ہمارا سب دیشوں سے............

دُکھ میں........ ہر حالت میں بھارت دل کا سہارا ہے

چشتی نے جو دی تھی مے وہ اب تک ہے.......... میں

بھارت نام کے عاشق ہیں ہم......... کے سودائی ہیں

دیئے گئے سوالات کے جواب لکھیے:

1۔ ہم سب کس ملک کے رہنے والے ہیں؟

2۔ کرشن، گوتم، نانک کی پیدائش کہاں ہوئی؟

3۔ ہم سب بھارت کے لوگ آپس میں کیسے رہتے ہیں؟

4۔ بھارت میں کون کون سے مذہب کے لوگ رہتے ہیں؟

غور کیجیے:

آپ نے اِس نظم میں پڑھا کہ ہمارا دیش بھارت بہت ہی سُندر اور اچھا دیش ہے۔ یہاں پر ہر طرح کے موسم، پھل، پھول اور ندیاں ہیں۔ گوتم، نانک، چشتی، کرشن جیسے پیار کے پھول برسانے والے بڑے بڑے لوگ یہاں پیدا ہوئے۔ ہر مذہب کے لوگ یہاں آپس میں مِل جل کر رہتے ہیں اور پرب تیوہار مناتے ہیں۔ ایسا دیش دنیا میں دوسرا کوئی نہیں ہے۔ ہمیں اس ملک پر ناز ہے۔ ہم بڑے ہو کر اچھا کام کریں گے اور بھارت دیش کا نام روشن کریں گے۔

عملی سرگرمی:

☆ اِس نظم کو یاد کیجیے اور گا کر سنایئے!